سوال

(186) ہر تکبیر پر رفع یدین کرنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز کے اندر ہر تکبیر کے وقت رفع الیدین کرنا سنت ہے یا نہیں؟ کیونکہ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ کا موقف تھا کہ ہر تکبیر پر رفع الیدین کرنا سنت ہے، (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سلسلہ کی تمام روایات ضعیف ہیں۔ شیخ صاحبؒ کو اس مسئلہ میں تسامح ہوا ہے۔ تاہم یاد رہے کہ صحیح حدیث سے یہ ثابت ہے کہ رکوع سے پہلے ہر تکبیر پر رفع یدین کرنا چاہیے۔ دیکھئے سنن ابی داود (722 بتحقیقی وھو حدیث صحیح) (شہادت جولائی 2001)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ403

محدث فتویٰ